

خواتین، آج کل خاندان، کاروبار اور معاشرے میں ایک اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ خواتین کے کردار کو، گھریلو طور پر یا کاروبار میں دونوں جگہ، کم تر نہیں سمجھا جا سکتا ہے۔ یہ بھی تسلیم کیا جاتا ہے کہ مرد اور خواتین دونوں کی بھرپور شرکت ترقی کے لئے بہت ضروری ہے، کیونکہ بہت سی خواتین روزی کمانے والی اور کاروبار کی مالک بن جاتی ہیں جو اپنے گھروں کے لئے آمدنی پیدا کرتی ہیں اور مالی فیصلے کرتی ہیں، وہ تیزی سے مالی طور پر آزاد ہوتی جا رہی ہیں اور مالی فیصلے کرنے کے طریقہ کار میں ایک اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔

کئی ذمہ داریوں کے بوجھ کے ساتھ اور اپنے پیاروں کی مالی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے، سرمایہ کاری کے ذریعے دولت بڑھانا ایک اہم سرگرمی بن جاتی ہے۔ خاتون کی حیثیت سے، صحیح سرمایہ کارویوں کے ساتھ، آپ اپنی اور اپنے پیاروں کا مالی مستقبل محفوظ بنا سکتی ہیں جو، بدلے میں، آپ کو قلیل المدت اہداف حاصل کرنے میں بھی مدد کرے گا جیسے کہ کوئی گاڑی خریدنا اور اس کے ساتھ ساتھ طویل المدت اہداف جیسے کہ ایک گھر خریدنا۔

اس مقصد کے لئے، ای ایف یو لائف متعارف کرا رہا ہے ہنر کل لیڈیز انشورنس اینڈ انوسٹمنٹ پلان جو ایک بیمہ انویسٹمنٹ لنکڈ پروڈکٹ، اور باقاعدہ پریمیئم پلان جو ایک خود کار صنف نازک کے منفرد لائف کیئر فائدے کے ساتھ پیش کیا گیا ہے جو کہ شدید بیماری کے تحفظ کا فائدہ ہے جو اسکی تحفظ شدہ خواتین کے مخصوص کینسر یا خواتین کی مخصوص بیماریون سے تحفظ فراہم کرتا ہے۔

## پروڈکٹ کا اظہار:

**یہ ایک ایسی بیمہ پروڈکٹ جس کے دو نمایاں عناصر ہیں یعنی، بیمہ تحفظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری کا جز یونٹ سے منسلک فنڈ (فنڈز) کے تحت اساسی سرمایہ جات کی کارکردگی سے مربوط ہے۔**

## غور و فکر کا دورانیہ:

**اگر آپ دستاویزات کی وصولی کے 14 دن کے غور و فکر کے دورانئے کے اندر اپنی رکنیت منسوخ کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو آپ ای ایف یو لائف کے طبی/کلینیکل معائنہ جات کے سلسلے میں اٹھنے والے اخراجات منہاء کر کے، کنٹریبوشن کی مکمل ادائیگی کی واپسی کا اہل ہونگے۔**

### سرمائے کی نشوونما کے لئے مواقع:

پلان کے لئے ادا کئے گئے ہر پریمیئم ای ایف یو لائف کے داخلی سرمایہ کاری فنڈز میں سے کسی ایک میں سرمایہ کاری کی جائے گی۔ اپنے سرمایہ کاری کے مقاصد کی بنیاد داخلی فنڈ کے انتخاب کا فیصلہ مکمل طور پر آپ کا ہوگا۔ آپ درج ذیل یونٹ سے منسلک فنڈز میں سے انتخاب کر سکتے ہیں:

تمام فنڈز کی رسک پروفائیلنگ ان میں کی جانے والی سرماتا کاری کے تحت کی گئی ہے۔

### ای ایف یو مینیجڈ گروتھ فنڈ:

فنڈ کی قسم: بیلنسڈ – رسک پروفائل: درمیانی

متوازن سرمایہ کاری کی حکمت عملی کے ساتھ سرمایہ کاری فنڈ ہے۔ اسکا ہدف حکومتی مالیاتی اداروں میں محتاط طریقے سے منتخب کردہ بلوچپ ایکوئیٹیز میں اور مختلف فکسڈ انکم سیکیورٹیز اور نقد میں سرمایہ کاری کے ذریعے سرمائے میں مناسب فروغ اور مستحکم آمدنی کا حصول ہے۔

### ای ایف یو گارنٹیڈ گروتھ فنڈ*:

فنڈ کی قسم: منی مارکٹ فنڈ – رسک پروفائل: کم

مستحکم آمدنی فراہم کرنے والا سرمایہ کاری فنڈ جس میں یہ ضمانت دی جاتی ہے کہ فنڈ کی بولی قیمت (بِڈ پرائس) کبھی نیچے نہیں آئے گی۔ اسکا مقصد قلیل المیعاد قرضہ لینے والے مالیاتی اداروں میں سرمایہ کاری کے ذریعے سرمایہ کی مستحکم نشوونما ہے۔

### ای ایف یو ایگریسو فنڈ:

فنڈ کی قسم: ایگریسو – رسک پروفائل: زیادہ

زیادہ آمدنی فراہم کرنے والے مالیاتی اداروں میں سرمایہ کاری کے مقصد سے وضع کیا جانے والی ایک سرمایہ کاری فنڈ۔ اس کا مقصد مارکیٹ کی متوقع تیزی کو مد نظر رکھتے ہوئے سرمائے کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا ہے۔

### ای ایف یو انکم گروتھ فنڈ:

فنڈ کی قسم: انکم فنڈ – رسک پروفائل: کم

ایک سرمایا کاری فنڈ جس کا مقصد سیکیورٹیز میں سرمایا کاری کر کے مستحکم میں بڑھوری حاصل کرنا ہے۔ اس کا ہدف حکومتی مالیاتی اداروں اور قرضہ دینے والی اعلی معیاری مالیاتی اداروں میں سرمایہ کاری کے ذریعے سرمائے کی مستحکم نشونما ہے۔

## ملٹیپل فنڈ آپشن:

اس اختیار کے تحت، آپ پلان کے یونٹ سے منسلک دو فنڈز کے مرکب کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ اپنی پالیسی کے تحت کُل پریمیئم 10 فیصد ملٹپلز ہوگا۔ اسکا مطلب ہے کہ فنڈز کو 10/90، 20/80، 30/70، 40/60 یا 50/50 میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

*ای ایف یو گارنٹیڈ گروتھ فنڈ طے شدہ طور پر منتخب کیا جانا

## فوائد:

**ڈیتھ بینیفٹ:** پالیسی ہولڈر کی ناگہانی وفات کی صورت میں نامزد کردہ بینیفیشریز ذیل میں درج ڈیتھ بینیفٹ حاصل کریں گے:

بنیادی پلان کے سم اشورڈ کا مجموعہ یا باقاعدہ بنیادی پلان کے پریمیئم پر اطلاق شدہ یونٹس کی کیش ویلیو (جو بھی زیادہ ہو)

**پلس**

فنڈ ایکسلریشن پریمیئم کو اطلاق شدہ یونٹس کی کیش ویلیو

**میچورٹی بینیفٹ:** پالیسی کی مدت کے اختتام پر، جب پالیسی ہولڈر کے بقید حیات ہو، قابل ادائیگی میچورٹی بینیفٹ ہوگا:

بنیادی پلان پریمیئم کو مختص کئے گئے یونٹس کی کیش ویلیو

**پلس**

فنڈ ایکسلریشن پریمیئم کو اطلاق شدہ کیش ویلیو (اگر کوئی ہو)

## ایکسٹینڈڈ ٹرم اشورنس:

کئی لچکدار فیچروں میں سے ایک جو پالیسی ہولڈر کو پہلے سے طے شدہ توسیع کردہ ٹرم ایشورنس کی مدت کے لئے پریمیئم ادا کرنے کا اور پالیسی کی بقایا مدت کے لئے پریمیئمز ادا کرنے کا موقع دیتا ہے۔ یہ خاص طور سے اس وقت کارآمد ہے جب پالیسی ہولڈر پریمیئمز کا سلسلہ جاری رکھنے کے قابل نہ ہو لیکن تحفظ چاہتا ہو۔ توسیع کردہ ٹرم ایشورنس کا اختیار، کسی بھی تجدیدی تاریخ سے قبل 30 دن کا نوٹس دیکر، 10 مکمل سالوں کے باقاعدہ پریمیئم کی ادائیگی کے بعد حاصل کیا جا سکتا ہے۔ ایک بار توسیع کردہ ٹرم ایشورنس کا انتخاب کر لیا جائے تو رائڈرز (اگر کوئی ہوں) ختم ہو جائیں گے۔

## بلٹ ان لائف کیئر فیمیل بینیفٹ:

لائف کیئر فیمیل فائدہ آپ کو خواتین سے متعلق کی بھی تحفظ شدہ شدید بیماری کے واقع ہونے کی صورت میں (بشمول خواتین سے متعلق مخصوص کینسرز)، ایک یکمشت رقم فراہم کرتا

## اختیاری فوائد:

### ایکسیڈینٹل ڈیتھ بینیفٹ:*

اگر وفات کسی حادثے کے باعث پیش آتی ہے تو یہ فائدہ ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

### ایکسیڈینٹل ڈیتھ اینڈ ڈسیبلیٹی بینیفٹ:*

حادثاتی وفات یا معذوری کی صورت میں یہ رائڈر ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

### ایکسیڈینٹل ڈیتھ اینڈ ڈسیبلیٹی بینیفٹ پلس:*

حادثاتی وفات یا (مستقل اور مکمل) معذوری کی صورت میں جو آپ کو مستقل طور پر معذور کر دے یہ رائڈر ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

### ایڈیشنل ٹرم اشورنس:

بیمہ دار کی وفات کی صورت میں یہ رائڈر بنیادی پلان کے زرِ بیمہ کا 50 فیصد سے 200 فیصد تک ایک اضافی رقم مہیا کر کے زندگی کے تحفظ کے درجے کو بڑھاتا ہے۔

### فیملی انکم بینیفٹ:

یہ فائدہ پالیسی کی مدت کے دوران پالیسی کنندہ (بیمہ دار فرد) کی اچانک وفات کی صورت میں یہ پلان اہل خانہ کو ایک ماہانہ آمدنی کی ادائیگی یقینی بناتا ہے۔

### ریٹرن اف پریمیئم بینیفٹ:

پریمیئم کی واپسی کا رائڈر ایک منفرد فائدہ ہے جو ای ایف یو لائف کے متوقع صارفین کو پیش کیا جا رہا ہے۔ یہ رائڈر آپ کو ایک اضافی فائدہ فراہم کر کے آپ کے تحفظ کو بڑھاتا ہے۔ بیمہ دار کی ناگہانی وفات کی صورت میں، بینیفشری کو نہ صرف وفات فائدہ حاصل ہوگا بلکہ پریمیئم کی واپسی کے رائڈر کے لئے ادا کئے گئے پریمیئم کو نکال کر ادا شدہ پریمیئم کی کُل رقم حاصل کر سکے گا۔

### ویور اف پریمیئم:

اگر بیمہ دار کسی بیماری یا حادثے کے باعث 6 ماہ یا اس سے زیادہ اپنی ملازمت یا کوئی پیشہ اختیار کرنے سے قاصر ہو تو پریمیئم کی رقم ای ایف یو لائف ادا کرے گی۔

*ایک وقت میں تین ایکسیڈنٹل بینیفٹ میں سے ایک کا انتخاب کیا جا سکتا ہے۔

## یونٹ ایلوکیشن:

سرمایہ کاری کو مختص کئے جانے والے بنیادی پلان کا تناسب ذیل میں دی گئی ٹیبل میں دکھایا گیا ہے:

| پالیسی سال | یونٹ ایلوکیشن | ایلوکیشن کی چاجز* |
|---|---|---|
| 1 | 60 فیصد | 40 فیصد |
| 2 | 80 فیصد | 20 فیصد |
| 3 | 90 فیصد | 10 فیصد |
| 4 سے 5 | 100 فیصد | 0 فیصد |
| 6 سے 10 | 103 فیصد | 0 فیصد |
| 11 سے 25 | 105 فیصد | 0 فیصد |

*اوپر درج ٹیبل کے مطابق ہر سال ادا کئے گئے پریمیئم میں سے تخصیص کی فیس منہاء کی جائے گی اور بقایا رقم اکاؤنٹ ویلیو کو مختص کی جائے گی

اضافی اختیاری پریمیئم کا 100 فیصد منتخب شدہ فنڈ کے یونٹس کی خریداری کے لئے مختص کیا جاتا ہے۔

## سم اشورڈ:

یہ بیمہ دار کی ناگہانی وفات کی صورت قابلِ ادائیگی یقینی رقم ہے۔ یہ بیمہ دار کے منتخب کردہ پروٹیکشن ملٹپل کو باقاعدہ بنیادی پلان کے پریمیئم ضرب دے کر حاصل رقم کے مساوی ہوتا ہے۔ پروٹیکشن ملٹی پل پلان کے آغاز پر عمر کے حدوں سے مشروط ہے۔ مزید تفصیلات کے لئے درج ذیل ٹیبل ملاحظہ کیجئے:

| عمر | پروٹکشن ملٹپل |
|---|---|
| 18 سے 35 سال | 5 سے 90 |
| 36 سے 40 سال | 5 سے 70 |
| 41 سے 45 سال | 5 سے 50 |
| 46 سے 49 سال | 5 سے 35 |
| 50 سے 55 سال | 5 سے (70–عمر) |

# ایک منصوبہ جو آپ کو مالی آزادی اور تحفظ فراہم کرتا ہے۔



# ای ایف یو بہتر کل لیڈیز انشورنس اینڈ انوسٹمنٹ پلان

(لیڈیز سیونگز پلان)

## کلیم:

کسی بھی غیر متوقع واقعے کے صورت میں، آپ اپنے کلیم کی اطلاع کسی حبیب میٹروپولیٹن بینک کی شاخ میں جا کر، ای ایف یو ہیڈ آفس جا کر یا ملک میں ہماری کسی بھی شاخ میں جا کر دے سکتے ہیں۔ کلیم پر فوری عمل درآمد کے لئے، آپ ہمارے کال سینٹر 111-338-111 پر فون کر کے پہنچ سکتے ہیں یا ہماری ویب سائٹ پر جا کر، اطلاعی فارم بھر سکتے ہیں اور ہمیں cod@efulife.com پر ای میل کر سکتے ہیں۔ اس کے بعد آپ سے اگلے اقدامات کے لئے رابطہ کیا جائے گا۔

## انتباہ:

- اس پروڈکٹ کی بیمہ کاری ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ کی طرف سے کی گئی ہے۔ حبیب میٹروپولیٹن بینک لمیٹڈ یا اس سے وابستہ کسی بھی ادارے کی طرف سے ضمانت شدہ یا بیمہ کی ہوئی نہیں ہے اور نہ ہی یہ حبیب میٹروپولیٹن بینک لمیٹڈ کی پروڈکٹ ہے۔ بیمہ دار صارفین یا بینیفشریز کے کلیمز کے تصفیے کے لئے ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ ذمہ دار ہوگی۔
- حبیب میٹروپولیٹن بینک لمیٹڈ صرف اس پروڈکٹ کیلئے کارپوریٹ انشورنس ایجنٹ/تقسیم کار کی حیثیت کام کر رہا ہے اور کسی بھی طور کسی بھی فرد کو، بشمول لیکن ان تک ہی محدود نہیں، صارفین، بینیفشریز یا کسی تیسرے فریق، ذمہ دار ہے اور نہ ہوگا
- منتخب شدہ فنڈ میں سرمایہ کاری کا خطرہ پالیسی کنندہ (بیمہ دار فرد) برداشت کرے گا اور پالیسی کے اصل اختتام پر یا دستبرداری کی مالیتیں دئے گئے اعداد و شمار سے کم یا زیادہ ہو سکتی ہیں
- فنڈز کی سابقہ کارکردگی خاص طور پر مستقبل کی کارکردگی کی گائیڈ نہیں ہے۔ کوئی بھی پیشین گوئی ضروری طور پر فنڈز کی مستقبل کی یا ممکنہ کارکردگی کی نشاندہی نہیں کرتی اور نہ ای یف یو لائف اشورنس لمیٹڈ اور نہ ہی حبیب میٹروپولیٹن بینک لمیٹڈ اس سلسلے میں کوئی ذمہ داری لیں گے
- فوائد کی ایک انفرادی تشریح ہمارے کنسلٹنٹ کی طرف سے آپ کو فراہم کی جائے گی۔ ازراہِ کرم مختلف شرائط وضوابط کی تفصیلی وضاحت حاصل کرنے کے لئے پالیسی دستاویز کا مطالعہ کریں
- سروس اخراجات اور ٹیکسیز کا اطلاق بینک کے شیڈول آف چارجز اور متعلقہ اتھارٹیوں کی طرف سے مقررہ ٹیکس قوانین کے مطابق ہوگا۔

پروڈکٹ کا یہ کتابچہ صرف پروڈکٹ کی خصوصیات اور فوائد کا ایک عمومی جائزہ پیش کرتا ہے۔ معاہدہ کس طور پر کام کرتا ہے اس کی تفصیلات شرکت کنندہ رکنیت دستاویزات میں دی گئی ہیں۔

- پروڈکٹ کا یہ کتابچہ صرف پروڈکٹ کی خصوصیات اور فوائد کا ایک عمومی جائزہ پیش کرتا ہے۔ معاہدہ کس طور پر کام کرتا ہے اس کی تفصیلات شرکت کنندہ رکنیت دستاویزات میں دی گئی ہیں۔
- اگر آپ کو اپنی پالیسی سے متعلق کوئی شکایت ہو تو آپ کسی بھی حبیب میٹروبینک کی برانچ میں جا سکتے ہیں یا آپ ای ایف یو لائف ایشورنس (021)111-EFU-111 (111-338-111) پر رابطہ کر سکتے ہیں۔


**حبیب میٹرو بینک**

اسپینسر بلڈنگ، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی، پاکستان

یواے این: (42242) 111-1-HABIB

ویب سائٹ: www.habibmetro.com

**ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ**

ای ایف یو لائف ہاؤس، پلاٹ نمبر 112، 8 ویں ایسٹ اسٹریٹ،

فیز 1، ڈیفنس ہاؤسنگ سوسائٹی، کراچی، پاکستان

فون: (021)111-EFU-111 (111-338-111)،

فیکس: (021)34535079


## فنڈ ایکسلریشن پریمیئم:

اگر آپ کے پاس پلان کی مدت کے دوران کسی بھی وقت اضافی نقد رقم موجود ہو تو اپنی نقد اقدار (کیش ویلیو کو بڑھانے کے لئے وہ پلان میں سرمایہ کاری کے لئے استعمال کی جا سکتی ہے۔ پلان میں کی گئی ان اضافی ادائیگیوں کو اضافی اختیاری پریمیئم (فنڈ ایکسلریشن پریمیئم) کہتیہیں۔ آپ یہ ادائیگیاں پالیسی کے نافذ العمل ہوتے ہوئے کسی بھی وقت ادا کر سکتے ہیں۔

کم از کم فنڈ ایکسلریشن پریمیئم 24,000 روپے ہے۔

## جزوی دستبرداری:

اپنی پالیسی سے دستبردار ہوئے بغیر، آپ کوئی اچانک ضرورت پوری کرنے کے لئے اپنی کیش ویلیو سے کوئی بھی رقم نکلوا سکتے ہیں۔ جزوی دستبرداری کی اجازت پلان میں 24,000 روپے کی رقم موجود رہنے سے مشروط ہے۔

## مکمل دستبرداری:

دوسرے سال کا پریمیئم ادا کرنے کے اور پالیسی کے دہ سال (24 مہینے) پورے ہونے کے بعد آپ اپنے پلان سے دستبردار ہو سکتے ہیں۔ دستبرداری کے وقت، آپ کو آپ کے فنڈ کی کل نقد قدر ادا کی جائے گی۔ البتہ، شروع کے پالیسی سالوں میں دستبرداری کم تر کیش ویلیو کا نتیجہ ثابت ہو سکتی ہے۔

## انڈیکسیشن (افراط زر) کا اختیار:

یہ اختیار آپ کو ذہنی سکون اور تحفظ فراہم کرتا ہے یہ جان کر کہ آپ کے پلان سے دستیاب فوائد کی خود کار طور پر قطع نظر آپ کی صحت کے ہر سال افراط زر کے مطابق تجدید ہو جائے گی۔

ایک بار جب آپ یہ اختیار منتخب کرتے ہیں تو اس انتخاب کی صورت میں آپ کا پریمیئم ہر سال پچھلے سال کے پریمیئم کے 5 فیصد کے حساب سے بڑھے گا، اور اضافی رائڈرز اگر کوئی ہوں وہ بھی بیمہ شرائط سے مشروط اسی تناسب سے بڑھیں گے۔ البتہ آپ بیمہ زر کو بڑھائے بغیر صرف پریمیئم بڑھانے کا اختیار منتخب کر سکتے ہیں۔

بیمہ زر پر انڈیکسیشن کی شرح کے مطابق اضافے کا آپشن آپ 55 سال کی عمر تک حاصل کر سکتے ہیں، بشرطیکہ آپ ابتدائی طور پر طے کردہ شرائط کے مطابق قبول کئے گئے ہوں۔

## عمومی طور پر پوچھے جانے والے سوالات:

### کون درخواست کر سکتا ہے اور پلان کی حدود کیا ہے؟

تحفظ کی کم از کم مدت 10 سال اور زیادہ سے زیادہ 25 سال ہے جو میچوڈٹی پر زیادہ سے زیادہ 65 سال کی عمر سے مشروط ہے۔ یہ پلان تمام افراد کے لیئے دستیاب جن کی عمر 18 سے 55 کے درمیان ہو۔

### کم از کم پریمیئم کی ضرورت کیا ہے؟

کم از کم سالانہ بنیادی پلان کا پریمیئم 24,000 روپے ہے جس کی کوئی زیادہ سے زیادہ حد نہیں۔ تاہم، پریمیئم سلانہ، ششماہی، سہ ماہی اور ماہانہ موڈ کے اختیارات کے ساتھ ادا کیا جا سکتا ہے۔

## اخراجات:

| چارجز | ریٹ/ پاکستان روپے میں |
| --- | --- |
| انتظامی اخراجات (ایڈمنسٹریشن چارج) | 90 روپے ماہانہ |
| بڈ/آفر (بولی/پیشکش) سپریڈ | مختص شدہ بنیادی اور اضافی فنڈ پریمیئم کا 5 فیصد |
| سرمایہ کاری انتظامات اخراجات (انویسمنٹ منیجمنٹ چارج) | فنڈ قدر کا 0.125 فیصد ماہانہ |
| مورٹیلیٹی چارج (بیمہ کی مالیت) | ہر سال عمر پر مشتمل بیمہ حیات کے خطرے کے امکان کو مدنظر رکھتے ہوئے، مورٹیلٹی چارج لاگو ہوتا ہے جو سم ایٹ رسک کے تحت حاصل کیا جاتا ہے۔ البتہ جب کیش ویلیو سم کور سے بڑھ جائے تو مورٹیلی کی مد میں کوئی رقم منہا نہیں کی جائے گی |
| فنڈ تبدیل کرنے کی فیس | 500 روپے |
| دستبرداری عمل درآمد فیس | 500 روپے |
| دستبرداری اخراجات | 100 فیصد دو مکمل سالوں کے پریمیم کی ادائیگی سے قبل |
| تخصیص کی فیس | اوپر دی گئی یونٹ کی تخصیص کی ٹیبل |